© rasailojaraid.com



ادارہ

# مسافرانِ آخرت

**محمد زبیر مرحوم:**

مجلس احرار اسلام ملتان کے قدیم و مخلص کارکن محمد زبیر مرحوم ۱۱رمئی ۲۰۰۸ء کو دل کا دورہ پڑنے سے انتقال کر گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحوم ۱۹۶۲ء میں مجلس احرار اسلام سے وابستہ ہوئے۔ اور مرتے دم تک احرار میں رہے۔ وہ ہر جمعہ کو دارِ بنی ہاشم آتے اور جامع مسجد ختم نبوت کے سپیکر کا انتظام سنبھالتے۔ مرحوم ہر کسی سے محبت اور خلوص سے پیش آتے، جو ملنے والے کو اپنی ساری محبت اور اپنی ساری خوشیاں اُسے منتقل کر دیتے تھے۔ وہ خودی اور انا کا پیکر تھے۔ انھوں نے مشکل ترین حالات میں بھی کسی سے کوئی گلہ شکوہ نہ کیا اور نہ ہی معاشی طور پر دگرگوں حالت ہونے کی وجہ سے کسی سے دستِ سوال دراز کیا۔ حوادثِ زمانہ نے اُنھیں ہر حال میں خوش رہنا سکھا دیا تھا۔ انھوں نے اپنی زندگی کا مقصد ہی صرف یہ بنالیا تھا کہ خانوادۂ امیر شریعت کی زیادہ سے زیادہ خدمت کی جائے۔ کیوں کہ وہ اسے عبادت سے کم نہیں سمجھتے تھے۔ کسی کے وہم وگمان میں بھی نہ تھا کہ وہ اتنی جلدی ہمیں داغِ مفارقت دے جائیں گے۔ کسی شاعر نے شاید اسی موقع کے لیے کہا تھا:

عجب مسافتِ بے اعتبار ہے دنیا
کسے خبر کہ کہاں کون چھوڑ جائے گا

**مولانا محمد عمر قریشی رحمتہ اللہ علیہ:**

خطیب جامع مسجد الفلاح کراچی شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد عمر قریشی ۱۹رفروری ۲۰۰۸ء کو انتقال کر گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ حضرت مولانا علم وحکمت، خلوص وللّٰہیت اور اہل حق کی رہبری کا ایک روشن ستارہ تھے۔ وہ اکابرِ احرار کے دلدادہ تھے۔ مرحوم اکثر اپنی تقاریر میں امیر شریعت سید عطاء اللہ شاہ بخاری رحمتہ اللہ علیہ کے واقعات سناتے۔ ان کی یاد میں جامعہ عائشہ صدیقہؓ میں تعزیتی جلسہ کا اہتمام کیا گیا۔ جس میں مولانا مرحوم کے صاحبزادے مصطفیٰ طارق قریشی، مفتی عطاء الرحمٰن طارق قریشی اور دیگر حضرات نے مولانا کی دینی وعلمی خدمات کو سراہا اور انھیں خراجِ تحسین پیش کیا۔

★ مدرسہ معمورہ کے معاون اور ہمارے قدیمی کرم فرما حاجی محمد سعید انصاری مرحوم، ۲۴رمئی ۲۰۰۸ء

★ شیخ حسین اختر لدھیانوی کے پھوپھی زاد بھائی اور مجلس احرار اسلام ملتان کے قدیم کارکن شیخ محمد نعیم لدھیانوی عرف بھائی جان، انتقال: ۵رمئی ۲۰۰۸ء مرحوم، جامع مسجد بیری والی اندرون حرم گیٹ ملتان کے متولی تھے۔

★ والدہ مرحومہ، بھائی محمد جاوید (بنیان والے ملتان)

★ ماہنامہ ''نقیب ختم نبوت'' کے سرکولیشن منیجر محمد یوسف شاد کی خالہ مرحومہ اُمِّ عمر، انتقال: ۸رمئی ۲۰۰۸ء



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



★ ڈاکٹر جمال الدین مرحوم: راولپنڈی سے مجلس احرار اسلام کے قدیم رکن مرکزی مجلس شوریٰ، انتقال: ۲۰ رمئی ۲۰۰۸ء

★ والدہ مرحومہ، عبدالحکیم صاحب، ملتان، انتقال: ۲۱ رمئی ۲۰۰۸ء ☆ عبدالباسط سراج مرحوم (راولپنڈی) ۱۰ رمئی ۲۰۰۸ء

★ ماسٹر محمد جمال مرحوم (بستی مولویاں ضلع رحیم یار خان) انتقال: ۶ رمارچ ۲۰۰۸ء

★ جام غلام رسول چوہان مرحوم (بستی مولویاں، ضلع رحیم خان) انتقال: ۱۸ رمارچ ۲۰۰۸ء

★ جام عبدالسلام چوہان مرحوم (رکن مجلس احرار اسلام خان واہ ضلع رحیم یار خان) انتقال: ۲۷ رمارچ ۲۰۰۸ء

★ والدہ مرحومہ، غلام یٰسین سومرو (رکن مجلس احرار اسلام بستی مولویاں) انتقال: ۱۰ راپریل ۲۰۰۸ء

★ میاں ریاض احمد مرحوم (تاج گڑھ ضلع رحیم یار خان) انتقال: ۱۲ راپریل ۲۰۰۸ء

★ ملتان میں ہمارے کرم فرما پروفیسر عبدالسلام کی والدہ ماجدہ اور جاوید اختر صاحب کی خالہ مرحومہ، انتقال: ۲۳ رمئی ۲۰۰۸ء

★ مجلس احرار اسلام چیچہ وطنی کے قدیم کارکن جناب حافظ محمد جاوید اقبال کی خوش دامن مرحومہ

اللہ تعالیٰ تمام مرحومین کی مغفرت فرمائے اور جنت الفردوس میں جگہ عطاء فرمائے نیز پسماندگان کو صبرِ جمیل عطاء فرمائے۔ (آمین) قارئین سے ایصالِ ثواب کے اہتمام اور دعائے مغفرت کی درخواست ہے۔ (ادارہ)

سلیم الیکٹرونکس
SALEEM ELECTRONICS, MULTAN
SALEEM
ELECTRONICS
HUSSAIN AGAHI ROAD, MULTAN
ڈاؤلینس ریفریجریٹر اے سی
سپلٹ یونٹ کے بااختیار ڈیلر
Dawlance
ڈاؤلینس لیا تو بات بنی
061- 4512338
061- 4573511
حسین آگاہی روڈ ملتان

علماء حق کا ترجمان
المیزان
ناشران وتاجرانِ کتب
دینی، تاریخی، سیاسی، ادبی اور
اصلاحی کتابوں کا معیاری ادارہ
دینی مدارس کے طلباء کے لیے وفاق المدارس
کا تمام نصاب سب سے زیادہ رعایتی قیمت پر
الکریم مارکیٹ اردو بازار لاہور 042-7122981-7212762



© rasailojaraid.com